مارچ کے پہلے ہفتہ سے عام افراد کو کووِڈ ویکسین دیا جائے گا

مرکزی حکومت سے رہنما خطوط جاری ہوتے ہی تاریخ طے کی جائے گی

بنگلورو۔ 9 فروری (سالار نیوز) کووڈ۔19 کے شیڈلڈ ویکسین کے پہلے مرحلہ میں محکمہ صحت کے عملہ اور فرنٹ لائن وارئرس کو دئے جانے کے بعد اب مارچ کے پہلے ہفتہ سے عام افراد کو کووڈ۔شیڈلڈ ویکسین دینے کا سلسلہ شروع کرنے کے لئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ عام افراد میں 50 سال سے زیادہ عمر کے اور مختلف امراض میں مبتلا 50 سال سے کم عمر کے افراد کو پہلے مرحلہ میں ویکسین دیا جائے گا۔ ان کی تفصیلات گزشتہ سال لاک ڈاؤن کے موقع پر ریاستی حکومت کی جانب سے کروائے گئے ہیلتھ واچ سروے سے یا وٹر فہرست سے حاصل کی جائیں گی۔ اس سلسلہ میں مرکز سے جاری ہونے والے رہنما خطوط کے بعد متعلقہ افراد کو ویکسین دینے کی تاریخ مقرر کی جائے گی۔ اس سلسلہ میں نیشنل ہیلتھ مشن کے ڈائرکٹر ڈاکٹر اروندتی چندر شیکھر نے بتایا کہ محکمہ صحت میں کینسر سمیت دیگر اہم امراض میں مبتلا مریضوں کی تفصیلات موجود ہیں، اس کے علاوہ ہیلتھ واچ سروے کے دوران بھی تفصیلات اکٹھا کی جاچکی ہیں، اس لئے دوبارہ سروے کروانے کی کوئی ضرورت نہیں۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ ہیلتھ واچ سروے میں 80 لاکھ سے زیادہ افراد کی نشاندہی کی گئی ہے جو مختلف اہم امراض میں مبتلا ہیں، ان میں سے 63 لاکھ سے زیادہ افراد 60 سال سے زیادہ عمر کے ہیں، 17 لاکھ سے زیادہ افراد مختلف امراض میں مبتلا ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ فی الوقت محکمہ صحت کے عملہ اور فرنٹ لائن وارئرس کو ویکسین کا پہلا ڈوز دیا جا چکا ہے، اب عوام کو ویکسین دینے کے لئے حکومت آگے آئی ہے۔ پہلے مرحلہ کے لئے 80 لاکھ افراد جو مختلف امراض میں مبتلا ہیں ویکسین لینے کے لئے تیار ہیں۔ انہوں نے بتایا محکمہ صحت اور فرنٹ لائن وارئرس کو ویکسین لینے کی اطلاع دی جارہی ہے، اس کے باوجود چند افراد لاپروائی کرنے لگے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ویکسین کو لازمی طور پر لینے کا کوئی قانون نہیں ہے، اس لئے زبردستی نہیں کی جاسکتی۔ انہوں نے بتایا کہ 16 نومبر سے ویکسین دئے جانے کا سلسلہ شروع ہوا ہے، اب تک محکمہ صحت اور فرنٹ لائن وارئرس سمیت مختلف محکمہ جات کے 5.32 لاکھ افراد کو ویکسین پہلا ڈوز دیا گیا ہے جس میں 8 فیصد کامیابی حاصل کی گئی ہے۔ ان کے علاوہ 30 ہزار افراد کو ویکسین کا دوسرا ڈوز بھی دیا جا چکا ہے، 20 فروری تک دوسرا ڈوز دئے جانے کا سلسلہ جاری رہے گا، اس وقت تک ناموں کو اندراج کئے افراد کو ویکسین لینے کا موقع دیا جائے گا۔ اس دوران محکمہ صحت کے کمشنر ترلوک چندرا نے بتایا کہ ویکسین کو لے کر سوشل میڈیا میں جو بے بنیاد خبریں پیش کی جارہی ہیں عوام ان پر اعتماد نہ کریں، ویکسین لینے کے بعد ہلکے بخار، ہاتھ اور بیٹھ میں درد کی شکایت لازمی ہے، اس سے عوام کو گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے۔ انہوں نے بتایا کہ فی الوقت ریاست میں 15.5 لاکھ ڈوز کے ویکسین موجود ہیں، اب تک 5.5 لاکھ ڈوز ویکسین دیئے گئے ہیں، بقیہ ویکسین کو ویکسین اسٹوریج سنٹر میں رکھا گیا ہے، عوام کو ویکسین دئے جانے کا سلسلہ شروع ہونے پر مرکز سے ویکسین روانہ کردیا جائے گا۔

ہائی ٹنشن تار کے نیچے غیر قانونی تعمیرات کو

15 دنوں کے اندر ہٹانے بی بی ایم پی کمشنر کی ہدایت

بنگلورو۔ 9 فروری (سالار نیوز) بروہت بنگلورو مہا نگر پالیکے (بی بی ایم پی) کمشنر این۔ منجوناتھ پرساد نے بی بی ایم پی کے انجینئروں کو ہدایت دی ہے کہ بی بی ایم پی کی حدود میں موجود ہائی ٹنشن بجلی کے تار کے نیچے غیر قانونی طور پر تعمیر عمارتوں اور شیڈس کو 15 دنوں کے اندر ہٹایا جائے۔ اس سلسلہ میں بی بی ایم پی صدر دفتر میں کے بی نی ایل، ہیسکام، پولیس سمیت دیگر محکمہ جات کے افسروں کے ساتھ اجلاس کے دوران منجوناتھ پرساد نے افسران کو یہ ہدایت دی۔ انہوں نے کہا کہ ہائی ٹنشن بجلی سپلائی روٹ میں چاہئے جو کوئی بھی غیر قانونی طور پر تعمیرات کئے ہوں فوراً انہیں نوٹس جاری کر کے بجلی منقطع کرتے ہوئے 15 دنوں کے اندر ہٹایا جائے۔ کمشنر نے کہا کہ اگر عمارتوں کے افراد نے اپنی جانب سے عمارتوں کو منہدم نہیں کیا تو بی بی ایم پی کی جانب سے انہدامی کارروائی کرتے ہوئے اخراجات متعلقہ افراد سے حاصل کریں۔ منجوناتھ پرساد نے افسروں کو ہدایت دی کہ فٹ پاتھ روٹ میں غیر قانونی طور پر تعمیر عمارتوں اور شیڈس کو 15 دنوں کے اندر ہٹایا جائے۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ہائی ٹنشن بجلی کے تار کے نیچے غیر قانونی طور پر تعمیر عمارتوں کو یہ ہدایت دی۔ انہوں نے کہا کہ ہائی ٹنشن بجلی سپلائی روٹ میں چاہئے جو کوئی بھی غیر قانونی طور پر تعمیرات کئے ہوں فوراً انہیں نوٹس جاری کر کے بجلی منقطع کرتے ہوئے 15 دنوں کے اندر ہٹایا جائے۔ کمشنر نے کہا کہ اگر عمارتوں کے افراد نے اپنی جانب سے عمارتوں کو منہدم نہیں کیا تو بی بی ایم پی کی جانب سے انہدامی کارروائی کرتے ہوئے اخراجات متعلقہ افراد سے حاصل کریں۔ منجوناتھ پرساد نے افسروں کو ہدایت دی کہ فٹ پاتھ روٹ میں غیر قانونی طور پر تعمیر عمارتوں اور شیڈس کو 15 دنوں کے اندر ہٹایا جائے۔ اس موقع پر ایڈیشنل کمشنر مونگا لا، اڈیشنل کمشنر مروگن، بی بی ایم پی شعبہ قانون کے سربراہ دنیش پانڈے اور اے ایف سی شعبہ کے چیف انجینئر نرسمہا راؤ و دیگر افسران حاضر رہے۔

ATTENTION DEAR READERS
GOOD NEWS FROM
ASLAM PALACE
MARRIAGE HALL
AVAIL UPTO
50%
DISCOUNT BEFORE
Ramazan
Opposite to Palace Ground FUN WORLD,
J.C.Nagar,Bangalore -560006
080-48509082/080-23557776
Terms and conditions apply
Raksheenda Publicity:9845064970

READY FOR REGISTRATION
BBMP Limit Plots available on Hegde Nagar Main Road After HAJ BHAVAN towards REWA College just 30-Mtrs inside from Main Road, Dimension-1200sqft,Price-2700/sqft. WITH CLEAR TITLES CONTACT FOR DETAILS.
9945669166/7483039897

اعلانات و مراسلات

مجلس تفسیر قرآن مجید

بنگلورو۔ (راست) گزشتہ 8 سالوں سے تفسیر قرآن کا سلسلہ جاری ہے، جس میں حضرت مولانا مفتی افتخار احمد قاسمی مہتمم مدرسہ عربیہ تعلیم القرآن، بسم اللہ نگر وصدر جمعیۃ علماء کرناٹک قرآن مجید کی آیتوں کو آسان اور عام فہم زبان میں سمجھانے کی کوشش کررہے ہیں۔ ہر ہفتہ بعد نماز عشاء 9 تا 45,9 بجے تفسیر ہوتی ہے۔ اس ہفتہ 20 فروری کو بعنوان حضرت شعیبؑ اور ان کی قوم کی آپسی گفتگو کے عنوان پر تفسیر ہوگی۔ تمام برادران اسلام سے شرکت اور استفادہ کی گزارش ہے۔ نیز مستورات کیلئے پردہ کا مکمل انتظام ہے۔
(صدر، شیخ عمر)

مسجد واحد ناں میں عرس سرکار خواجہ غریب نواز

بنگلورو۔ (راست) مسجد واحد ناں گلشن بغداد کے زیر اہتمام 20 فروری بروز ہفتہ فوراً بعد نماز عشاء تا رات 11:30 بجے مسجد واحد ناں گلشن بغداد، اے بی بے عبدالکلام مین روڈ، گووند پور بنگلورو میں عرس سرکار خواجہ غریبان حضرت سیدنا خواجہ معین الدین چشتی ادب و احترام کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ جس میں عبدالمصطفی صاحب رضوی اور حافی نعت و منقبت پیش کریں گے اور مقرر خصوصی مولانا قاری نثار احمد صاحب گلبرگی کا خصوصی خطاب ہوگا۔ مستورات کے لئے پردے کا معقول بندوبست رہے گا اور شرکاء کے لئے ضیافت عام (لنگر غریب نواز) کا انتظام رہے گا۔ تمام عاشقان سرکار خواجہ غریب نواز سے گزارش ہے کہ کثیر تعداد میں شریک اجلاس ہوں۔
(ارائین و نوجوان اہل سنت مسجد واحد ناں گلشن بغداد بنگلورو)

کبیر ٹرسٹ کی جانب سے طلبہ کو مفت لکچر کلاسس

بنگلورو۔ (راست) کبیر ٹرسٹ بنگلورو کی جانب سے ایس ایس ایل سی تعلیم حاصل کررہے غریب طلبہ کیلئے 21-2020 سال میں مورخہ 7 مارچ 2021 اتوار سے صبح 6 تا رات 8 بجے 100 دنوں کا "کناٹکا" سمی لکچر متعقد کیا گیا ہے۔ ٹرسٹ کے چیرمین نی پر بھاکر نے بتایا کہ یہ 35 ویں سال کا پروگرام ہے اور اب تک بنگلورو ناتھ ڈویژن کے تقریباً 25 ہزار طلبہ نے اس مفت پروگرام سے فائدہ اٹھایا ہے۔ لکچر درج ذیل پتہ پر منعقد ہوگا۔ کبیر آشرم مقتب دوردرشن، سی جی نگر (ایم آر پالیہ) موتی نگر، بنگلورو۔ 32۔ مزید تفصیلات کیلئے رابطہ کرسکتے ہیں۔ 9845011000

گڈول کرسچن کالج فار ویمنس میں یوم اردو

بنگلورو۔ 19 فروری (سالار نیوز) گڈول کرسچن کالج فار ویمنس فریزر ٹاؤن میں یوم اردو منایا گیا۔ تقریب میں مہمان خصوصی کے طور پر شرکت کرتے ہوئے قوت الاسلام اسکول کے اسسٹنٹ ہیڈ ماسٹر محمد کفایت اللہ نے زبان اردو کی ترقی اور اس کی بقاء پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ اردو زبان کی ترقی اور اس کی بقاء کے لئے مولانا ابوالکلام آزاد، سرسید احمد خان سمیت دیگر قائدین کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ انہوں نے طالبات کو آواز دی کہ وہ اپنی تعلیم کو جاری رکھیں اور اپنے اور اپنے والدین کے خوابوں کو شرمندہ تعبیر کریں۔ انہوں نے کہا کہ آج لڑکیاں بھی ہر شعبہ میں آگے دکھائی دے رہی ہیں، جو کافی خوش آئند بات ہے۔ اس موقع پر انہوں نے کالج کے پرنسپل، اساتذہ اور انتظامیہ کو بھی مبارکباد پیش کی اور کہا کہ اسی طرح اردو زبان کی ترقی اور اس کی بقاء کے لئے تعاون کو جاری رکھیں۔ قبل ازیں پی ایس سی سال دوم کی طالبہ راجہ بصری کی تلاوت کلام پاک سے جلسہ کا آغاز ہوا، طالبہ ندا فرحت نے حمد اور نعت پاک پیش کی، کالج کے لکچرار اختر حمد فضل النساء نے خیر مقدم کیا جبکہ جلسہ کی صدارت کالج کے پرنسپل ڈاکٹر رینو پال نے کی۔ جلسہ کے دوران مختلف مقابلوں میں کامیاب اور نمایاں کامیاب طالبات میں انعامات سرٹی فکیٹ تقسیم کئے گئے۔ قومی ترانہ کے ساتھ جلسہ اختتام کو پہنچا۔

تعلقہ پنچایت نظام رد کرنے بجٹ اجلاس میں بحث ہوگی

بنگلورو۔ 19 فروری (سالار نیوز) ریاستی وزیر برائے دیہی ترقیات و پنچایت راج کے ایس ایشور پا نے کہا کہ تعلقہ پنچایت نظام کو اچانک رد کرنا ناممکن ہے، اس سلسلہ میں بجٹ اجلاس میں بحث کی جائے گی۔ یہاں اخباری نمائندوں سے بات کرتے ہوئے ایشور پا نے اس خیال کا اظہار کیا اور کہا کہ تعلقہ پنچایت نظام کی ضرورت ہے اور اسے روکنے کیا جاسکتا۔ اس لئے بجٹ اجلاس میں تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ تعلقہ پنچایت نظام سے کوئی فائدہ ہونے کا اکثر نے خیال ظاہر کیا ہے۔ اور اگر پنچایت راج نظام میں تبدیلی یا رد کرنا ہو تو آئین میں تبدیلی کی ضرورت ہے۔

حکومت کرناٹک
محکمۂ داخلہ بنگلور
Ph: 080-22033254, email: ulso-home@karnataka.gov.in

Ref: No. 1/84/2020-21 Dated: 27-01-2021

نوٹی فکیشن

(مورخہ 11-08-2020 کو کے جی ٹی ٹی اور ڈی جے پی پولیس تھانوں کی حدود میں پیش آنے والے پرتشدد واقعات کے دوران عوامی و نجی املاک کو جو نقصان پہنچایا گیا ہو متاثر پر مشتمل آڈیو ویڈیو یا دیگر ریکارڈنگ کلکٹس کمشنر کے روبرو پیش کرنے کے متعلق)

1- عزت مآب ہائی کورٹ آف کرناٹکا کی طرف سے رٹ عرضی نمبر 9287/2020 پر جاری کئے گئے احکامات کے مطابق جسٹس ایچ ایس کیمپنا سابق چیف جسٹس ہائی کورٹ آف کرناٹکا کو ڈی جے اور کے جی ٹی پولیس تھانوں کی حدود میں مورخہ 11-08-2020 کو پیش آنے والے پرتشدد واقعات کے دوران عوامی اور نجی املاک کو جو نقصان پہنچا ان کا تخمینہ/ جائزہ تیار کرنے اور نقصان کی تحقیق کرنے کیلئے کلکٹس کمشنر کے طور پر مقرر کیا گیا ہے۔ عزت مآب ہائی کورٹ نے ریاستی حکومت کو یہ ہدایت دی ہے کہ کلکٹس کمشنر کے تقرر کے سلسلے میں نوٹی فکیشن جاری کیا جائے۔

2- ہائی کورٹ کی مذکورہ بالا ہدایات کو آگے بڑھاتے ہوئے حکومت کرناٹک نے عزت مآب جسٹس ایچ ایس کیمپنا کو آرڈر نمبر HD238SST 2020 مورخہ 05-09-2020 کے مطابق کلکٹس کمشنر کے طور پر مقرر کرتے ہوئے نوٹی فائی کردیا ہے۔

3- دوبارہ مورخہ 29-09-2020 کو رٹ پٹیشن نمبر 9827/2002 کے سلسلے میں عزت مآب ہائی کورٹ کی طرف سے جاری کئے گئے حکم کے پیش نظر حکومت کرناٹک نے کمیشن آف انکوائری قانون 1952 کے تحت کلکٹس کمشنر کو موثر طریقے سے کام کرنے کے لئے اختیارات حکم نامہ نمبر HD254SST 2020 مورخہ 04-11-2020 کے تحت اختیارات فراہم کئے ہیں۔

4- کلکٹس کمشنر کا دفتر روم نمبر 1 اور 2 پہلی منزل بالا بروئی گیٹ ہاؤز بنگلورو۔ 560001 میں واقع ہے۔

5- عوام، جسٹس ہائی کورٹ کے روبرو درج رٹ عرضیاں نمبر 9329/2020 اور 9295/2020 کے مدعی گزاروں کو مدعو کیا جاتا ہے کہ وہ آڈیو ویڈیو یا کوئی اور ریکارڈنگ نجی یا عوامی ذرائع سے ہو تو فاضل کلکٹس کمشنر کے سامنے پیش کریں تاکہ نقصان/ تباہی اور اس جرم کے مجرمین سے ان کے تعلق کو واضح کیا جاسکے۔ مذکورہ بالا ریکارڈنگس کی پیشکش تحریری بیان کے ساتھ ہوگی جس میں دینے والے کا نام مکمل پتہ، فون نمبر اور ای میل آئی ڈی کے ساتھ متعلقہ حکام کے روبرو تیار رکھے گئے حلفیہ بیان جس میں ریکارڈنگ کی مشمولات پر روشنی ڈالی گئی ہو اس کے ساتھ پیش کی جائے۔ مزید گواہوں کی فہرست مکمل پتے کے ساتھ مجوزہ معائنہ کیلئے اپنے کلکٹس کے دعووں کی تائید میں جمع کرائی جائے۔ مذکورہ بالا ریکارڈنگ کو رجسٹرڈ پوسٹ یا کوریر سروس کے ذریعہ بھی جمع کرایا جاسکتا ہے۔

6- تحریری بیان حلف نامہ آڈیو/ ویڈیو و دیگر ریکارڈنگس کے ساتھ دفتر کلکٹس کمشنر کے آفس اراؤنڈ آفیسر کو تمام ایام کار بجز ہفتہ صبح 11 بجے سے شام 4 بجے تک جمع کرایا جاسکتا ہے (لنچ ٹائم 1:30 بجے سے 2.00 بجے چھوڑ کر)

7- ریاست کی سرکاری ایجنسیاں اور پولیس انتظامیہ بھی کلکٹس کمشنر کے روبرو ان کے پاس دستیاب آڈیو/ ویڈیو اور دیگر ریکارڈنگس ہوں تو اگر ہوں تو جس میں عوامی اور نجی املاک کو نقصان پہنچایا گیا ہو ایسے ریکارڈنگس کے درست ہونے کے بیان کے ساتھ جمع کرایا جاسکتا ہے۔

8- تحریری بیان مع حلف نامہ اور ریکارڈنگس جمع کرانے والے افراد اور گواہوں کی فہرست میں شامل افراد کو اگر طلب کیا جائے تو انہیں کلکٹس کمشنر کے روبرو حاضر ہونا پڑے گا۔

9- اگر کوئی وضاحت درکار ہے تو سکریٹری برائے کلکٹس کمشنر سے تمام ایام کار میں دفتری اوقات کے دوران حاصل کی جاسکتی ہے۔

10- تحریری بیان مع حلف نامہ آڈیو/ ویڈیو یا دیگر ریکارڈنگس جمع کرانے کی آخری تاریخ 28-02-2021 ہوگی۔

شرح دستخط:
سرکاری انڈر سکریٹری
محکمہ داخلہ (لاء اینڈ آرڈر)

DIPR/DDU/2540/G.FMC/2020-21

کووڈ۔ 19 سے محفوظ رہیں جب تک علاج نہیں تب تک لاپروائی نہیں
ماسک پہنیں
6 فیٹ جسمانی فاصلہ رکھیں
ہاتھ صاف رکھیں

Sterling
SNOW DROP
A Place You Can Call Home!
2 Kms from Frazer Town and Hennur Road
5% DISCOUNT FOR 100% PAYMENT*
2 BHK (ALL INCLUSIVE) ₹64 Lacs
3 BHK (ALL INCLUSIVE) ₹80 Lacs
CREDAI
ISO 9001: 2015 Certified
CONSTRUCTION IN FULL SWING
POSSESSION BY OCTOBER 2021

Sterling Properties has over 27 years of experience in Delivering Luxury homes. We have completed 25 projects in Bangalore, all built in posh locations. We stand for quality construction and deliver on time. To view our completed projects, visit us @ www.sterlingestatesindia.com

BBMP APPROVED | 100% LEGAL WITH A-KHATA | LOANS FROM LEADING BANKS

Work from home Cubicles at Terrace with 24x7 wi-fi | Rainwater harvesting | Electrical, data and water points up to the flat | Concealed underground services | Large Park within 10 mins walk | Alexa Enabled homes | Large capacity underground sump | 24x7 Water Jumeirah/Cauvery Supply | EV charging stations For electric cars, bikes | 24x7 Automatic Lift | 24x7 Power Backup/ Generator | 24x7 CCTV Surveillance | Centralised Gas Bank

To Book your Apartment, Call Mohd. Salik on +91 99000 32872 | 98861 42684

STERLING PROPERTIES

Site Address: Sterling Snow Drop., #18, 1st A Main Road, Kariyana Palya, Frazer Town, Off Hennur Road, Just after Lingarajapuram Flyover. Bangalore East.
Corp. Office: Sterling Heights, 2nd Floor, 139 Infantry Road. (Opp. The Hindu), Bangalore.
Write to us on sales@sterlingestatesindia.com

Sterling SNOW DROP